Covid-19 ویکسینوں (vaccines) میں کیا شامل ہے؟

COVID-19 ویکسینوں میں کوئی حیوانی، بیضوی یا جنینی (cells) یا پروڈکٹس شامل نہیں ہیں۔

اِسلئے یہ اُن تمام لوگوں کے لئے موزوں ہیں جو اپنے مذہبی یا غذائی تقاضوں کے مطابق کسی خاص قسم کا گوشت نہیں کھا سکتے یا جو صرف سبزیوں پر مشتمل غذا کھاتے ہیں۔

منظوری کے عمل کی غرض سے اجزاء شائع کئے جاتے ہیں اور وہ مندرجہ ذیل ویب سائٹوں پر دستیاب ہیں:

- **Pfizer/BioNTech vaccine**: https://www.gov.uk/government/publications/regulatory-approval-of-pfizer-biontech-vaccine-for-covid-19
- **Oxford-AstraZeneca vaccine**: https://www.gov.uk/government/publications/regulatory-approval-of-covid-19-vaccine-astrazeneca

این ایچ ایس ہر کسی کو ویکسین لگوانے کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے تاکہ اُنہیں تحفظ فراہم کیا جاسکے اور زندگیاں بچائی جاسکیں۔ ویکسین لگوانا ذاتی فیصلہ ہے اور یہ اہم ہے کہ آپ درست معلومات اور حقائق کی بنا پر اپنا فیصلہ کریں۔ آپ مندرجہ ذیل معلوماتی ذرائع سے استفادہ کر سکتے ہیں اُسوقت جب آپ اِس بات کا فیصلہ کریں کہ آیا آپکو ویکسین لگوانی چاہیے نہیں:

ایسے لوگوں کے لئے مشورہ جو اسلامی عقیدے پر عمل کرتے ہیں

- ماسکس اینڈ امامز نیشنل ایڈوائزری بورڈ (MINAB) نے مساجد میں جمعے کے خطبے کے لئے یہ ٹیکسٹ تیار کی ہے جس میں وضاحت کی گئی ہے کہ مسلمانوں کو کیوں ویکسین لگوانی چاہیے۔
- برٹش اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن نے Pfizer BioNTech اور Oxford AstraZeneca کی ویکسینوں کی مسلمانوں کے لئے سفارش کی ہے اور اِس کے متعلق مختلف قسم کی معلومات تیار کی ہیں جن کو لوگ مفید پا سکتے ہیں۔
- جی پی ڈاکٹر عامر خان کی تیار کردہ ویڈیو میں وضاحت کی گئی ہے کہ ویکسینوں میں کوئی حیوانی پروڈکٹس نہیں ہیں اور یہ مسلمانوں اور ہندوؤں کے لئے موزوں ہیں۔

- کیا میں رمضان کے دوران ویکسین لگوا سکتا ہوں؟ کیا اِس سے روزہ ٹوٹ جائیگا؟

اسلامی سکالروں کے مطابق یہ واضح ہے کہ غیر غذائی مقاصد کے لئے انجکشن لگوانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اسلیئے آپ رمضان کے دوران بھی اپنی ویکسین لگوا سکتے ہیں۔

برٹش اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن نے بھی خاص مشورہ جاری کیا ہے اور رمضان کے روزے رکھنے والے مسلمانوں پر زور دیا ہے کہ وہ ویکسین لگوانے میں دیر نہ کریں۔

ہندو عقیدے پر عمل کرنے والے لوگوں کے لئے مشورہ

- نیزڈن ٹمپیل نے کاروناوائرس کے حقائق کی وضاحت کے لئے گجراتی میں ایک ویڈیو تیار کی ہے جس میں ویکسین کے محفوظ ہونے اور خصوصیات کے متعلق یقین دہانی کروائی ہے۔

- جی پی ڈاکٹر عامر خان کی تیار کردہ ویڈیو میں وضاحت کی گئی ہے کہ ویکسینوں میں کوئی حیوانی پروڈکٹس نہیں ہیں اور یہ مسلمانوں اور ہندوؤں کے لئے موزوں ہیں۔

یہودی عقیدے کے پیروکاروں کے لئے مشورہ

- کانفرنس آف یورپین ربائیز نے Oxford-AstraZeneca ویکسین کے متعلق مثبت بیانات جاری کئے ہیں۔

ایسے لوگوں کے لئے مشورہ جو ویجیٹیرین یا ویگن طرز زندگی گزارتے ہیں

- COVID-19 ویکسین کے متعلق آپکو کیا جاننے کی ضرورت ہے۔

- COVID-19 ویکیسن کے متعلق رائے۔